ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

محکمہ موسمیات کی کراچی اور دیگر آٹھ اضلاع میں شدید بارشوں کی پیش گوئی۔

آئی جی سندھ نے پولیس کو ہائی الرٹ کر دیا۔

کراچی 29 اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے محکمہ موسمیات کیجانب سے کراچی سمیت سندھ کے دیگر آٹھ اضلاع میں شدید بارشوں/اربن فلڈنگ کے خدشات کے تناظر میں سندھ بھر میں رین ایمرجنسی کے تحت پولیس کو آئندہ احکامات تک ہائی الرٹ کرتے ہوئے ہدایات جاری کی ہیں کہ تمام ڈی آئی جیز،ایس ایس پیز متعلقہ ایس ایچ اوز کو امدادی کاموں اور لوگوں کو ہر ممکن ریلیف فراہمی کا نا صرف پابند کرینگے بلکہ اس ضمن میں متعلقہ اداروں کے ساتھ ساتھ باہم روابط کے عمل کو بھی یقینی بنائیں گے

انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ تیار کردہ رین ایمرجنسی پلان پر اسکی روح کیمطابق عمل درآمد کو صوبائی سطح پر یقینی بنایا جائے جبکہ ٹریفک پولیس بالخصوص بارشوں کے باعث زیرآب آجانیوالی سڑکوں کے لئے متبادل روٹس اور انکی تشہیر کو بھی یقینی بنائیں گے۔

ان کا کہنا تھا کہ نشیبی علاقوں کی شاہراہوں/گلیوں سے پانی کی نکاسی،سڑکوں پر خراب ہوجانیوالی گاڑیوں کو فوری ہٹا کر سڑکوں کو کلیئر کرنے کے لیئے متعلقہ اداروں کے تعاون سے تمام تر اقدامات کو ممکن بنایا جائے۔تمام ایس ایس پیز ضلعی/ٹریفک زونز متعلقہ ایس ایچ اوز/سیکشن افسران کو علاقوں میں موجودگی کا باقاعدہ پابند بنائینگے۔

انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ تمام ضلعی پولیس کنٹرول رومز/ٹریفک پولیس کنٹرول ممکنہ بارشوں سے علاقوں کی صورتحال/ریسکیو ورکنگ اور سڑکوں پر ٹریفک کی صورتحال/ٹریفک اقدامات کی لمحہ بہ لمحہ رپورٹنگ نا صرف نوٹ کرینگے بلکہ رپورٹ برائے ملاحظہ ومزید ضروری اقدامات متعلقہ سپروائزری افسران کو بھی ارسال کرینگے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛